نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پوٹاش کھاد پر سبسڈی چھوٹے کاشتکار اولین ترجیح

سبسڈی سکیم میں بینکوں کا کردار ختم،ایک شناختی کارڈ پر کھاد کے تین بیگ دستیاب

لاہور 07مارچ 2017: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب کی ایس او پی(SOP) اور ایم او پی(MOP) کھاد پر سبسڈی کے دائرہ کار میں تمام کسان بالخصوص چھوٹے کاشتکار شامل ہیں۔ یہ سکیم 8 ایکڑ زمین کے مالکان تک محدود نہیں ہے تاہم حکومت پنجاب ایک قومی شناختی کارڈ پر کھاد کے تین بیگ مہیا کر رہی ہے جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں کو فائدہ پہنچانا ہے۔اس سبسڈی سے قبل بڑے زمیندار ہی پوٹاش کھاد استعمال کرتے تھے لیکن حکومت پنجاب نے چھوٹے زمینداروں کی فی ایکڑ بہتر پیداوار کے لئے اس سبسڈی سکیم کو جاری کیا ہے۔حکومت پنجاب اس سبسڈی کو جاز کیش کے ذریعے مہیا کر رہی ہے جس کا مقصد کاشتکاروں کو بینکوں میں پیش آنے والی دشواری سے محفوظ رکھنا ہے اور سبسڈی کی رقم ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے۔کھاد پر اس سبسڈی سکیم کے تحت ایس او پی اور ایم او پی کی قیمتیں بڑی حد تک کم ہو گئی ہیں اور یہ کھاد چھوٹے کاشتکار کے استعمال میں بھی آ گئی ہے جس سے فی ایکڑ زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ ترجمان نے مزید کہا ہے کہ حکومت پنجاب کاشتکاروں کی بہتری کے لئے ایسی سبسڈی کی سکیمیں جاری رکھے گی تا کہ ملکی معیشت میں بہتری آ سکے۔

☆☆☆☆